اپرا (IPRA) کا ضابطہ اخلاق

۲۰۱۱ میں منظور کیا گیا اپرا کا یہ ضابطہ اخلاق بین الاقوامی تعلقات عامہ کی انجمن کے تمام ممبران کے پیشہ ورانہ اور اخلاقی رویوں کی توثیق کرتا ہے اور اسے پوری دنیا کے تعلقات عامہ کے پیشہ وروں سے اپنانے کی سفارش کرتا ہے۔

یہ ضابطہ ۱۹۶۱ کے وینس کے ضابطے۔ ۱۹۶۵ کے ایتھنز کے ضابطے اور ۲۰۰۷ کے برسلز کے ضابطوں کو مستحکم کرتا ہے۔

(ا) اقوام متحدہ کے چارٹر کی تجدید کرتا ہے جس سے بنیادی انسانی حقوق اور انسانی عظمت اور اس کی قیمت کا تعین ہوتا ہے۔

(ب) ۱۹۴۸ کے بین الاقوامی انسانی حقوق کی تجدید کرتا ہے خاص طور پر آرٹیکل ۱۹۔

(پ) اس بات کی تجدید کرتا ہے کہ تعلقات عامہ معلومات کی آزادی کے ساتھ ترسیل کو فروغ دے کر تمام شراکت داروں کے فائدہ کو فروغ دیتا ہے

(ت) تجدید کرتا ہے کہ تعلقات عامہ اور عوامی امور حکام کے ساتھ بنیادی جمہوری نمائندگی مہیا کرتے ہیں

(ث) تجدید کرتا ہے کہ تعلقات عامہ کے پیشہ ور معلومات منتقل کرنے کی اپنی وسیع صلاحیتوں کی بدولت ایسا اثر ورسوق رکھتے ہیں جسے ایک ضابطہ اخلاق کا پابند ہونا چاہئے

(ٹ) تجدید کرتا ہے کہ معلومات کی فراہمی کے ذرائع جیسے انٹرنیٹ اور دوسرے ڈجیٹل ذرائع ایسے ذرائع ہیں جن کے زریعہ غلط یا گمراہ کن معلومات وسیع طور پر پھیلائی جاسکتی ہیں اور بغیر تصیح کے رہ سکتی ہیں اس لئے یہ تعلقات عامہ کے پیشہ وروں کی خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔

(ج) تجدید کرتا ہے کہ انٹرنیٹ اور دوسرے ڈیجیٹل ذرائع اس بات کے متقاضی ہیں کہ افراد۔ موکل۔ آجر اور ساتھیوں کی ذاتیات کے بارے میں خاص احتیاط برتی جائے

تعلقات عامہ کے پیشہ وروں اپنے طرز عمل میں:

(ا) تعمیل

اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصول اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اعلان کی تعمیل کریں گے۔

(ب) اخلاقی بلندی

ہمیشہ اخلاقی بلندی اور ایمانداری کے ساتھ کام کریں گے تاکہ ان لوگون کا اعتماد حاصل کرسکیں جن کے ساتھ رابطے میں آئیں

(پ) مزاکرات

کوشش کر کے مزاکرات کے لئے اخلاقی۔ ثقافتی ودانشورانہ حالات پیدا کریں گے اور تمام پارٹیوں کے اپنا نقطہ نظر پیش کرنے اور اپنی رائے دینے کے حق کو تسلیم کریں گے

(ت) شفافیت

کھلے اور شفاف طریقے سے اپنا نام ادارے کا نام اور کس کی نمائندگی کر رہے ہیں ظاہر کریں گے

(ٹ) تصادم

پیشہ ورانہ خواہشات کے تصادم سے بچیں گے اور اگر ایسا ہے تو متعلقہ پارٹی کو اس کی اطلاع دیں گے

(ث) رازداری

جو معلومات رازداری سے ان تک پہنچیں گی اس کی حفاظت کریں گے

(ج) درستگی

وہ تمام معقول اقدام کریں گے جن سے مہیا کی جانے والی معلومات کی سچائی اور درستگی ممکن ہو۔

(چ) جھوٹ

پوری کوشش کریں گے کہ دانستہ طور پر جھوٹی یا گمراہ کن معلومات نہ پھیلائیں اور خاص خیال رکھیں گے کہ نادانستہ طور پر ایسا نہ ہو اور اگر ہو جائے تو اس عمل کی فوری تصیح کریں گے

(ح) فریب

بے ایمانی سے یا جعلسازی سے معلومات حاصل نہین کریں گے

(خ) انکشاف

کوئی ادارہ بنا کر کسی ایسے مقصد کا اعلان نہیں کریں جس کے پس پردہ کوئی اور مقاصد کا حصول ہو۔

(د) نفع

عوامی اداروں سے حاصل کردہ دستاویزات کسی تیسری پارٹی کو منافع کے لئے نہیں بیچیں گے

(ڈ) مشاہرہ

جب کسی کو پیشہ ورانہ خدمات مہیا کی جارہی ہوں تو اس کے علاوہ کسی اور سے کسی بھی شکل میں ان خدمات کے لئے مشاہرہ قبول نہ کریں

(ذ) ترغیب

دانستہ یا نادانستہ کسی عوامی نمائندے۔ ابلاغ عامہ یا کسی دوسرے فریق کو معاشی یا کوئی اور ترغیب نہیں دیں گے۔

(ر) اثرورسوق

نہ تو تجویز دیں اور نہ کوئی ایسا عمل کریں جسے عوامی نمائندوں۔ ابلاغ عامہ یا کسی دوسرے فریق پر ناجائز اثر رسوق استعمال کرنے سے تعبیر کیا جائے۔

(ڑ) کاروباری حریف

کسی کاروباری حریف کی شہرت کو دانستہ طور پر نقصان نہیں پہنچائیں گے

(ز) ہتھیالینا

کسی دوسرے پیشہ ور کے موکل کو دھوکے سے حاصل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے

(ژ) ملازمت

جب کسی عوامی ادارے یا کاروباری حریف کے ملازمین کو ملازمت دی جائے تو ان اداروں کے قوانین اور رازداری کے اصولوں کا پاس رکھا جائے۔

(س) ساتھی

اپنے اپرا (IPRA) کے ساتھیوں اور تعلقات عامہ کے پیشہ وروں کے ساتھ معاملات میں اس ضابطہ اخلاق کو مدنظر رکھیں گے۔

اپرا (IPRA) کے ممبران اس ضابطہ اخلاق کو سربلند رکھتے ہوئے اس سے روح گردانی کی صورت میں انضباطی کاروائی کو تسلیم اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنانے پر اتفاق کرتے ہیں۔

۵ نومبر ۲۰۱۰ کو اپرا (IPRA) کے بورڈ سے منظور شدہ